QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 177

کوئٹہ: 16 جنوری 2026ء۔۔۔۔وزارت توانائی (پاور ڈویژن) اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ہدایات پر کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) صوبہ کے تمام علاقوں میں صارفین کو بجلی فراہمی کیلئے متعدد اقدامات کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں کیسکو نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ شہر کے 139 فیڈروں میں سے 75 فیڈرز کو لوڈشیڈنگ فری قرار دے دیا ہے جن پر بجلی کی کوئی لوڈشیڈنگ نہیں کی جارہی ہے۔ جن میں 132KV کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن اور 132Kv مری آباد گرڈ اسٹیشن سے منسلک تمام فیڈرز بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ ہیں۔ اسکے علاوہ کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں 64 فیڈروں پر شیڈول کے مطابق روزانہ مختلف اوقات کار میں 4 سے 6 گھنٹے تک بجلی کی لوڈشیڈنگ کی جاتی ہے۔ اسی طرح مکران کے علاقوں میں 70 فیڈروں میں سے 34 فیڈرز لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ ہیں جن میں گوادر کے 4 گرڈ اسٹیشنوں سے منسلک فیڈروں پر بھی کوئی لوڈشیڈنگ نہیں کی جارہی ہے جبکہ مکران کے دیگر 36 فیڈروں کو مختلف اوقات کار میں روزانہ 16 سے 18 گھنٹے تک بجلی فراہم کی جارہی ہے۔ صوبہ کے دیگر علاقوں میں 44 فیڈرز کو بھی لوڈشیڈنگ فری قرار دے دیا گیا ہے جن میں خضدار، قلات، لورالائی، ژوب اور دیگر بڑے شہروں کے فیڈرز شامل ہیں۔ علاوہ ازیں صوبہ کے تمام ڈسٹرکٹ اور تحصیل ہیڈکوارٹرز کے فیڈروں کو بھی مختلف اوقات کار میں یومیہ 14 سے 16 گھنٹے تک بجلی فراہم کی جارہی ہے اور اسکے علاوہ صوبہ میں موجود تمام دیگر فیڈروں کو ریکوری کے تناسب سے یومیہ 6 گھنٹے بجلی فراہم کی جارہی ہے۔ تاہم بجلی کے ترقیاتی اور مرمتی کام کے سلسلے میں بجلی بندش سے متعلق صارفین کو سوشل میڈیا اور ذرائع ابلاغ کے زریعے پیشگی اطلاع دیجاتی ہے۔ لہٰذا کیسکو نے تمام صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بجلی کے موجود بل اور بقایاجات کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنائیں تاکہ اُن کے بجلی فراہمی کے اوقات کار کو بڑھایا جاسکے۔

###

نمبر: کیسکو پی آر 178 **صارفین اپنا بجلی بل راست اکاونٹ کے زریعے جمع کرواسکتے ہیں: کیسکو**

کوئٹہ: 16 جنوری 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) اپنے صارفین کو بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے اور صارفین کیلئے بجلی بلوں کی بروقت کی ادائیگی کیلئے جدید ڈیجیٹل طریقہ کار کے زریعے مزید آسانی مہیا کئے جارہے ہیں۔ جس کے تحت اب تمام صارفین اپنے بجلی بل پر درج کیو آر کوڈ سکین کر کے گھر بیٹھے ڈیجیٹل ادائیگی نظام "راست Raast" کے تحت جمع کرواسکیں گے۔ جس سے صارف کے بل کی ادائیگی کا ریکارڈ بھی محفوظ رہتا ہے۔ صارفین راست اکاؤنٹ سے منسلک موبائل بینکنگ ایپ کے زریعے بجلی بلوں کی ادائیگی فوری اور محفوظ طریقے سے کرسکیں گے جس کیلئے صارف کو کسی قسم کا اضافی چارج یا سروس فیس ادا نہیں کرنی پڑے گی اور یہ سہولت 24 گھنٹے دستیاب ہے۔ کیسکو کے تمام صارفین اس جدید ڈیجیٹل طریقہ کار کے زریعہ بجلی بلوں کی ادائیگی کرسکتے ہیں۔

نمبر: کیسکو پی آر 179 **بجلی بند رہنے کی اطلاع**

کوئٹہ: 16 جنوری 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبے نصب کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 17 جنوری (بروز ہفتہ) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے ائیرپورٹ روڈ، تکاتو، ادیان، عمر، چشمہ، داریم، دوستین فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند رہے گی۔ اسی طرح 18 جنوری کو (بروز اتوار) کوئٹہ سٹی گرڈ کے اسٹیڈیم فیڈر، مری آباد گرڈ اسٹیشن کے گلستان، حالی روڈ، سٹی فیڈر سریاب گرڈ اسٹیشن کے بی ایم سی، خیر بخش مری، جائنٹ روڈ، لیاقت بازار، نیو جان محمد، اولڈ جان محمد، ہزارہ ٹاون، غازی فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند ہوگی نیز اسی روز زرغون گرڈ اسٹیشن کے نواں کلی بائی پاس اور صاحبزادہ فیڈرز سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند رہے گی۔ علاوہ ازیں 17 جنوری اور 19 جنوری (روزانہ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv سریاب ون، سریاب ٹو، سمنگلی ایکسپریس، واسا، انڈسٹریل، اے ون سٹی، سرکی روڈ فیڈروں سے صبح 10 بجے